# تعارف

## وہ کون سی مصنوعات ہیں جنہیں نابالغوں کو فروخت کرنا ممنوع ہے؟

نوعمر لوگوں کو کئی مصنوعات کی فراہمی ممنوع ہے کیونکہ ان کے استعمال کے نتیجے میں صحت اور خیروعافیت پر منفی اثرات مرتب ہو سکتے ہیں۔ بسا اوقات ان کو نابالغوں کے لئے ممنوعہ مصنوعات کہا جاتا ہے، اور نوعمر لوگوں کو ان چیزوں کی غیرقانونی فراہمی کی وضاحت کرنے کے لئے عام طور پر 'نابالغوں کو فروختگی' کی اصطلاح کا استعمال کیا جاتا ہے۔

یہ پیک نابالغوں کے لئے ممنوع درج ذیل مصنوعات سے متعلق قانون کے بارے میں رہنمائی فراہم کرتا ہے:-

- سگریٹ اور تمباکو کی دیگر مصنوعات
- آتش بازی (پٹاخے)
- شراب
- چاقو اور اس جیسے جارحانہ ہتھیار
- نشہ آور اشیاء
- سگریٹ لائٹر کے ریفلز
- ایروسول اسپرے پینٹس
- ویڈیو، ڈی وی ڈی اور کمپیوٹر گیمز
- لاٹری کے ٹکٹ
- دیگر – پیٹرولیم، نشہ آور چاکلیٹ

## اس رہنما پیک کو کسے پڑھنا چاہئے؟

یہ پیک ان لوگوں کے لئے تیار کیا گیا ہے جن کی تجارت میں مذکورہ بالا مصنوعات میں سے کسی کی فروخت کی جاتی ہے یا دیگر طریقے سے ان کو فراہم کیا جاتا ہے نیز ایسی تجارت میں ملازمت کرنے والے افراد کو بھی اس کا مطالعہ کرنا چاہئے۔

## کیا نابالغوں کو ان مصنوعات کی فروختگی واقعی ایک ایسا مسئلہ ہے؟

بہت حد تک ایسا ہی ہے۔ پورے ویلز میں کئے گئے حالیہ سروے سے پتہ چلتا ہے کہ غیرقانونی فروخت میں اضافہ ہو رہا ہے، جن خردہ فروشوں سے ملاقات کی گئی ان میں سے 30 فیصد بچوں کو شراب، 22 فیصد سگریٹ اور 6 فیصد آتش بازی فروخت کر رہے ہیں۔

اس طرح کی تجارت سے خردہ فروشوں کے لئے قانونی سزاؤں کے علاوہ نابالغوں کو ایسی ممنوعہ فروخت کا ملک کے بچوں کی صحت پر واقعی اثر پڑ سکتا ہے۔ درج ذیل اعداد وشمار پر غور کریں:-

- برطانیہ عظمی میں روزانہ 450 بچے سگریٹ نوشی شروع کرتے ہیں
- 15 سال کے بچوں میں سے 22 فیصد باقاعدہ سگریٹ نوشی کرتے ہیں۔
- آج جتنے لوگ سگریٹ نوشی کر رہے ہیں ان میں سے 80 فیصد نوعمری میں ہی اس کے عادی ہوگئے تھے۔
- اوسطاً، نابالغ افراد ہفتے میں 4 پائنٹ بیئر پیتے ہیں
- پچھلے سال آتش بازی میں زخمی ہونے والے افراد میں سے 58 فیصد 18 سال سے کم عمر کے ایسے لوگ تھے جن کو ان کی فروخت ممنوع ہے۔

## قانون کو کیسے نافذ کیا جاتا ہے؟

خدمت برائے تجارتی معیارات غیرقانونی فروخت کاریوں میں کمی لانے کی پابند ہے، اور وہ تجارتی اداروں کے ساتھ مل کر، صلاح و رہنمائی پیش کرکے، شکایتوں کی تفتیش کرکے اور قانون پر عمل درآمد کی سطح کی تشخیص کرکے نیز نوعمر رضاکاروں سے آزمائشی خریداری کرواکر اس کام کو انجام دینے کی کوشش کرتی ہے۔ ان معاملات میں، انصاف کو یقینی بنانےکے لئے رضاکاران قومی رہنما اصولوں کی سختی سے پیروی کرتے ہیں۔

تجارتی معیارات کے افسران اور پولیس مشترکہ طور پربچوں کو شراب کی فروخت کو ممنوع قرار دینے والے قانون کو نافذ کرتے ہیں۔

Mae'r ddogfen hon ar gael yn Gymraeg, ac mewn ieithoedd a fformatau eraill ar gais.
This document is available in Welsh, and in other languages and formats on request.

12 15 16 18

## تعارف

### نابالغوں کو کی جاری ممنوعہ فروخت کی روک تھام میں کیسے کر سکتا/سکتی ہوں؟

آپ کو منسلکہ معلوماتی پرچہ کا مطالعہ کرنا چاہئیے۔ یہ پیک تجارتی اداروں کو غیرقانونی فروخت کاری سے بچانے کے لئے عملی طور پر رہنمائی فراہم کرتا ہے۔ آپ کو اس پیک کے'نابالغوں کو فروخت کی روک تھام' والے حصہ کا مطالعہ کرنا چاہئے اور اس میں دی گئی صلاح پر عمل کرنا چاہئے۔

غیرقانونی طور پر کی جاری فروخت کے ضمن میں تجارتی اداروں کی مدد کرنے کے لئے اس پیک میں درج ذیل باتیں شامل کی گئی ہیں:-

- دکان میں موجود فروخت کی معلومات سے خریدنے کی کم سے کم قانونی عمر کے بارے میں جانکاری ملتی ہے، اسے کیش بکس کے اوپر یا اس کے قریب نمایاں طور پر چسپاں کیا جانا چاہئے
- انکاروں کا ریکارڈ – جو کسی انکار رجسٹرڈ کی بنیاد کے طور پر استعمال کیا جا سکتا ہے
- انکار سلپ – اس میں ان گاہکوں کو وضاحت پیش کی جاتی ہے جن کی خدمت سے آپ انکار کر دیتے ہیں
- پوسٹر ز - ملازمین اور گاہکوں کی معلومات کے لئے
- ملازمین کے لئے انفرادی خطوط - جس میں ان کی ذمہ داریوں کی وضاحت کی گئی ہو
- ملازمین کی تربیت سے متعلق اندراجات کا روزنامچہ - عملے کو دی جانے والی تربیت/معلومات کو ریکارڈ کرنے کے لئے۔

### میں مزید معلومات یا صلاح کہاں سے حاصل کر سکتا/سکتی ہوں؟

اس رہنما پیک کے مطالعے کے بعد اگر آپ مزید سوالات کرنا چاہتے ہیں یا آپ کو مزید رہنمائی کی ضرورت ہوتی ہے تو براہِ کرم درج ذیل پتہ پر خدمت برائے تجارتی معیارات سے رابطہ کریں:-


- **Caerphilly County Borough Council**
  **Council Offices**
  **Pontllanfraith**
  **Blackwood**
  **NP12 2YW**
- ٹیلیفون 01495 235291
- ای میل tradingstandards@caerphilly.gov.uk

# سگریٹ اور تمباکو سے بنی دیگر مصنوعات

## بچوں کو تمباکو کی مصنوعات فروخت کرنے کے بارے میں قانون کیا کہتا ہے؟

1. 18 سال سے کم عمر کے کسی شخص کو تمباکو یا اس سے بنی مصنوعات فروخت کرنا آپ یا آپ کے ملازم کے لئے قانون کی خلاف ورزی ہے۔ اس میں سگریٹ، سگریٹ کے کاغذ، تمباکو کے بدل کے طور پر پینے کے لئے بنائی گئی مصنوعات اور تمباکو ملی ہوئی دیگر مصنوعات شامل ہیں۔
   - توجہ دیں کہ خریدار کی اصل عمر اہم ہے نہ کہ وہ کتنا عمر دراز لگ سکتا ہے۔
2. اگر آپ کسی سگریٹ وینڈنگ مشین کے مالک ہیں یا آپ کے احاطے میں ایسی مشین لگی ہوئی ہے تو آپ کے لئے یہ یقینی بنانا ضروری ہے کہ 18 سال سے کم عمر کا کوئی شخص اسے استعمال نہ کر سکے۔
3. سگریٹوں کو ان کے اصل پیکنگ میں ہی فروخت کیا جانا چاہئے۔ صرف سگریٹوں کو فروخت کرنا قانون کی خلاف ورزی ہے۔
4. مخصوص قانونی انتباہ کے اطلاع ناموں کو نمایاں کیا جانا ضروری ہے *(نیچے دیکھئے)*۔

## کون کون سے اطلاع ناموں کی نمائش ضروری ہے؟

تمباکو وغیرہ فروخت کرنے والے ہر خردہ فروش کی دکان پر ایک اطلاع نامہ *(اس پیک میں نقل شامل کی گئی ہے)* نمایاں مقام پر پیش کیا جانا ضروری ہے جس میں درج ذیل باتیں لکھی ہوں:-

| |
|---|
| **18** سال سے کم عمر کے کسی شخص کو تمباکو کی مصنوعات فروخت کرنا |

- (اس اطلاع نامے کا سائز کم سے کم **297** ملی میٹر × **420** ملی میٹر اور حروف کی اونچائی کم سے کم **36** ملی میٹر ہو)

تمام تمباکو وینڈنگ مشینوں پر اطلاع نامہ کو چسپاں کرنا ضروری ہے جس میں درج ذیل باتیں درج ہوں:-

| |
|---|
| یہ مشین صرف **18** سال یا اس سے زیادہ عمر کے لوگوں کے استعمال |

- (اس اطلاع نامے کا سائز کم سے کم **60** ملی میٹر × **100** ملی میٹر اور حروف کی اونچائی کم سے کم **6** ملی میٹر ہو)

آپ کے تمباکو کے تھوک فروش یا وینڈنگ مشین فراہم کنندہ کو چاہئے کہ اس اطلاع نامہ کی ایک نقل آپ کو فراہم کرے, بصورت دیگر آپ خدمت برائے تجارتی معیارات سے اس کی ایک نقل حاصل کرنے کے لئے درخواست کر سکتے ہیں۔

## میں اس بات کو یقینی کیسے بنا سکتا/سکتی ہوں کہ تمباکو وینڈنگ مشین سے کوئی غیرقانونی فروخت نہیں ہورہی ہے؟

تمباکو وینڈنگ مشینوں کے مقام پر ہوشیاری سے توجہ دینے کی ضرورت ہوتی ہے۔ آپ کو یہ یقینی بنانا چاہئے کہ آپ کے احاطے میں لگی کوئی بھی وینڈنگ مشین ایسی پوزیشن میں ہو کہ عملہ آسانی سے اس کے استعمال کی نگرانی کر سکے۔ دہلیز کے سامنے، کوریڈور یا شراب خانے کے ایسے کونے جہاں پر نگرانی مشکل ہو، وینڈنگ مشینوں کو لگانا اس کی نگرانی کو ناممکن بنا دے گا، اور نتیجہ کے طور پر آسانی سے غیرقانونی خریداری کی جا سکے گی۔

## قانون شکنی کی سزائیں کیا ہیں؟

بچوں کو سگریٹ یا تمباکو کی دیگر مصنوعات کی فروخت کا مرتکب پائے گئے شخص کو 2,500پاؤنڈ تک کا جرمانہ ادا کرنا ہوگا۔ عدالت تمباکو وینڈنگ مشین کو ہٹانے کا حکم بھی جاری کر سکتی ہے۔ متعلقہ قانونی اطلاع نامہ کی نمائش نہ کرنے کی صورت میں 1000 پاؤنڈ تک کا جرمانہ عائد ہو سکتا ہے، اور بغیر پیکنگ کے صرف سگریٹوں کو فروخت کرنے کا زیادہ سے زیادہ جرمانہ بھی 1000 پاؤنڈ ہے۔

## فی الحال مجھے کیا کرنا چاہئے؟

اس بات کو یقینی بنانے کے لئے آپ کو ایک نظام تیار کرنا چاہئے کہ آپ نے بچوں کو سگریٹ اور اسی طرح کی مصنوعات فروخت کرنے سےخود کو یا اپنے عملے کے کسی رکن کو روکنے کے لئے تمام موزوں اقدامات کئے ہیں۔ اس کام کو بہترین طریقے سے انجام دینے سے متعلق عملی رہنمائی کے لئے آپ کو فی الحال اس پیک کے 'نابالغوں کو ممنوعہ فروخت کی روک تھام' والے حصہ کا مطالعہ کرنا چاہئے۔

اگر آپ کسی شخص کی عمر کے بارے میں غیر یقینی کیفیت سے دوچار ہیں تو آپ عمر کا ثبو ت مانگیں۔ اگر آپ کو اس کے بعد بھی کوئی شک وشبہ باقی رہتا ہے تو ہمیشہ فروخت کرنے سے انکار کردیں۔

18

# شراب

## نوعمر لوگوں کو شراب فروخت کرنے کے بارے میں قانون کیا کہتا ہے؟

1. 18 سال سے کم عمر کے کسی شخص کو شراب فروخت کرنا کسی بھی شخص کے لئے قانون کی خلاف ورزی ہے۔
2. جہاں یہ اشیاء 18 سال سے کم عمر کے لوگوں کو فروخت کی جارہی ہوں، اسٹور منیجر یا احاطے کے انچارج کو ذمہ دار ٹھہرایا جا سکتا ہے بشرطیکہ اس نے جان بوجھ کر اس فروخت کو جاری رہنے دیا ہو۔
3. 18 سال سے کم عمر کا شخص اگر کسی دوسرے کے لئے شراب خریدتا ہے یا خریدنے کی کوشش کرتا ہے تو وہ قانون کی خلاف ورزی کرتا ہے۔

## قانون کون نافذ کرتاہے؟

خدمت برائے تجارتی معیارات اور پولیس مشترکہ طور پر نوعمر لوگوں کو شراب کی فروخت سے متعلق قانون کو نافذ کرتی ہے۔

## کیا مجھے گاہکوں کے لئے کسی اطلاع نامہ کو نمایاں طور پر ظاہر کرنا چاہئے؟

انتباہی اطلاع ناموں کی نمائش کے لئے کوئی قانونی مطالبہ نہیں ہے، پھر بھی، غیر قانونی فروخت سے بچنے کے لئے اپنے نظام کے حصے کے طور پر آپ ان کی واضح طور پر نمائش کرنے پر غور کر سکتے ہیں۔ الفاظ کی ایک موزوں شکل یہ ہوسکتی ہے:

**18 سال سے کم عمر کے کسی شخص کو شراب فروخت کرنا غیرقانونی ہے**

## قانون شکنی کی سزائیں کیا ہیں؟

اگر کوئی غیرقانونی فروخت کی جاتی ہے تو آپ پر مقدمہ چلایا جا سکتا ہے یا 5000 پاؤنڈ تک کا جرمانہ عائد کیا جا سکتا ہے۔ اگر عملے کا کوئی رکن شراب کی غیرقانونی فروخت کرتا ہے تو اسے بدعنوانی کے لئے 80 پاؤنڈ جرمانہ کا نوٹس دیا جا سکتا ہے (موقع پر جرمانہ)۔ اس کے علاوہ، لائسنس داروں کو مقدمے کا سامنا کرنا پڑ سکتا ہے، اور اگر وہ گنہگار پائے جاتے ہیں تو 5000 پاؤنڈ تک جرمانہ عائد ہو سکتا ہے۔ آپ کا اس بات سے بھی سابقہ پڑ سکتا ہے کہ نظرثانی/منسوخی کے لئے لائسنس طلب کر لیا جائے، اس کا انحصار حالات پر ہوگا۔

## فی الحال مجھے کیا کرنا چاہئے؟

اس بات سے قطع نظر کہ آیا فروخت اس نے، کسی ملازم نے، گھر کے کسی فرد نے یا دیگر کسی شخص نے انجام دی ہے، لائسنس دار ہی مجموعی طور پر احاطے میں شراب کی تمام فروختگیوں کے لئے ذمہ دار ہے۔اس بات کو یقینی بنانے کے لئے آپ کو ایک نظام تیار کرنا چاہئے کہ آپ نے نو عمر لوگوں کو شراب کی غیر قانونی فروخت سےخود کو یا اپنے عملے کے کسی رکن کو روکنے کے لئے تمام موزوں اقدامات کئے ہیں۔ اس کام کو بہترین طریقے سے انجام دینے سے متعلق عملی رہنمائی کے لئے آپ کو فی الحال اس پیک کے 'نابالغوں کو ممنوعہ فروخت کی روک تھام' والے حصہ کا مطالعہ کرنا چاہئے۔

اگر آپ کسی شخص کی عمر کے بارے میں غیر یقینی کیفیت سے دوچار ہیں تو آپ عمر کا ثبو ت مانگیں۔ اگر آپ کو اس کے بعد بھی کوئی شک وشبہ باقی رہتا ہے تو ہمیشہ فروخت کرنے سے انکار کردیں۔

# آتش بازی (پٹاخے)

## نوعمر لوگوں کو آتش بازی فروخت کرنے کے بارے میں قانون کیا کہتا ہے؟

1. واضح طور پر 18 سال سے کم عمر کے کسی شخص کو کسی طرح کی آتش بازی (*بشمول پھلجھڑی*) فروخت کرنا قانون کی خلاف ورزی ہے۔
2. کیپس، کریکر اسنیپس، ناویلٹی ماچس، پارٹی پوپرس، سرپینٹ اور تھراوڈاؤنس کے معاملے میں واضح طور پر 16 سال سے کم عمر کے کسی شخص کو ان کی فروخت قانون کی خلاف ورزی ہے۔

## کیا آتش بازی کی فروخت پر نگرانی رکھنے والے دیگر قوانین موجود ہیں؟

1. عوام کو فروخت کی جانے والی آتش بازیوں کو BS 7114 کی پیروی ضروری ہے اور اس کے مطابق اس پر لیبل لگا ہونا ضروری ہے۔
2. درج ذیل آتش بازیاں عوام الناس میں کسی کو ان کی عمر سے قطع نظر لازمی طور پر فروخت نہیں کی جانی چاہئیں:-
   - پیشہ ورانہ استعمال کے مقصد سے بنائی گئیں آتش بازیاں
   - بینگرس *(بشمول بینگرس والی بیٹریاں، مثلاً چینی کریکرس)*
   - ہوائی گولے اور میرونس، مارٹر میں گولے اور مارٹرمیں مرونس
   - چھوٹے راکٹس
   - گھومتی ہوئی اڑان والے پٹاخے *(یعنی جمپنگ جیکس، گراؤنڈ اسپینرس)*
3. پٹاخوں کو لازمی طور پر علیحدہ فروخت نہیں کرنا چاہئے اگر وہ ایک پیک کے طور پر ایک ساتھ فروخت کے مقصد سے بنائے گئے ہوں۔
4. اسپارکلرز پر لازمی طور پر یہ لیبل لگانا چاہئے ، ' انتباہ – **5** سال سے کم عمر کے بچوں کو دینا ممنوع ہے۔'

**نوٹ:** جن عمارتوں میں فروخت کے لئے پٹاخے ذخیرہ کئے جائیں تو اس کام کے لئے ان کا اندراج کرانا ضروری ہے۔ پٹاخوں کی ذخیرہ کاری کے قوانین سخت ہیں، اور اسے محفوظ طریقے سے انجام دینے کے لئے آپ کو خدمت برائے تجارتی معیارات سے تفصیلی صلاح حاصل کرنا چاہئے۔

## کیا مجھے گاہکوں کے لئے اطلاع نامہ کی نمائش کرنی چاہئے؟

اگر آپ پٹاخے فروخت کرتے ہیں تو آپ کو نمایاں طور پر ایک اطلاع نامہ کی نمائش ضرور کرنی چاہئے جس میں درج ذیل باتیں درج ہوں

> **بالغوں کے لئے بنائے گئے پٹاخے اور اسپارکلرس کو 18 سال سے کم عمر کے کسی شخص کو فروخت کرنا غیر قانونی ہے،**
>
> اور
>
> **18 سال سے کم عمر کے کسی شخص کو بالغوں کے لئے بنائے گئے پٹاخوں کو عوامی مقام پر رکھنا غیرقانونی ہے۔**

### قانون شکنی کی سزائیں کیا ہیں؟

ان تقاضوں کی پیروی کرنے میں ناکامی کا نتیجہ مقدمے اور 5,000 پاؤنڈ تک جرمانہ یا 6 مہینے تک کے لئے جیل کی سزا یا دونوں کی صورت میں ظاہر ہو سکتا ہے۔

## فی الحال مجھے کیا کرنا چاہئے؟

اس بات کو یقینی بنانے کے لئے آپ کو ایک نظام تیار کرنا چاہئے کہ آپ نے نوعمر لوگوں کو پٹاخے اور اسی طرح کے سامان فروخت کرنے سے خود کو یااپنے عملے کے کسی رکن کو روکنے کے لئے تمام موزوں اقدامات کئے ہیں۔ اس کام کو بہترین طریقے سے انجام دینے سے متعلق عملی رہنمائی کے لئے آپ کو فی الحال اس پیک کے 'نابالغوں کو ممنوعہ فروخت کی روک تھام' والے حصہ کا مطالعہ کرنا چاہئے۔

اگر آپ کسی شخص کی عمر کے بارے میں غیر یقینی کیفیت سے دوچار ہیں تو آپ عمر کا ثبو ت مانگیں۔ اگر آپ کو اس کے بعد بھی کوئی شک وشبہ باقی رہتا ہے تو ہمیشہ فروخت کرنے سے انکار کردیں۔

# چاقو اور اس جیسے جارحانہ ہتھیار

## چاقوؤں اور اسی طرح کی تیز دھار والی چیزیں نوعمر لوگوں کو فروخت کرنے کے بارے میں قانون کیا کہتا ہے؟

18 سال سے کم عمر کے کسی شخص کو درج ذیل میں سے کسی کو فروخت کرنا کسی بھی شخص کے لئےقانون کی خلاف ورزی ہے

- کلہاڑی
- چاقو
- چاقو کا بلیڈ
- ریزر بلیڈ
- بلیڈ لگی ہوئی کوئی دوسری چیز یا جو بہت نوکیلی ہو اور جو زخمی کرنے کے لئے بنائی یا اس میں تبدیلی کر کے بنائی گئی ہوں

## کیا کسی طرح کا اشتثنا ہے؟

مذکورہ بالا کے لئے صرف درج ذیل استثنائی صورتیں ہیں:-

- مڑنے والے پاکٹ چاقو جس کے کاٹنے والے کنارے 7.62 سینٹی میٹر (3") لمبے ہوں
- ریزر میں استعمال ہونے والے بلیڈ جو ہمہ وقت کسی ڈبے یا فریم میں رکھے ہوئے ہوں

## کیا مجھے گاہکوں کے لئے اطلاع نامے کی نمائش کرنی چاہئے؟

انتباہی اطلاع نامہ کی نمائش کے لئے کوئی قانونی مطالبہ نہیں ہے، تاہم، غیر قانونی فروخت سے بچنے کے لئے اپنے نظام کے حصے کے طور پر آپ ان کی واضح طور پر نمائش کرنے پر غور کرسکتے ہیں۔ الفاظ کی ایک موزوں شکل یہ ہوسکتی ہے:

> **چاقو اور اس جیسی تیز دھار والی چیزیں 18 سال سے کم عمر کے کسی شخص کو فروخت کرنا غیرقانونی ہے**

## قانون شکنی کی سزائیں کیا ہیں؟

اگر کوئی غیرقانونی فروخت کی جاتی ہے تو آپ پر مقدمہ چلایا جا سکتا ہے یا اس کا نتیجہ 5000 پاؤنڈ تک کے جرمانے یا 6 مہینے تک کے لئے جیل کی سزا یا دونوں کی صورت میں ظاہر ہو سکتا ہے۔

## فی الحال مجھے کیا کرنا چاہئے؟

اس بات کو یقینی بنانے کے لئے آپ کو ایک نظام تیار کرنا چاہئے کہ آپ نے نوعمر لوگوں کو چاقوؤناور اس جیسی چیزوں کو فروخت کرنے سے خود کو یا اپنے عملے کے کسی رکن کو روکنے کے لئے تمام موزوں اقدامات کئے ہیں۔ اس کام کو بہترین طریقے سے انجام دینے سے متعلق عملی رہنمائی کے لئے آپ کو فی الحال اس پیک کے 'نابالغوں کو ممنوعہ فروخت کی روک تھام' والے حصہ کا مطالعہ کرنا چاہئے۔

اگر آپ کسی شخص کی عمر کے بارے میں غیر یقینی کیفیت سے دوچار ہیں تو آپ عمر کا ثبو ت مانگیں۔ اگر آپ کو اس کے بعد بھی کوئی شک وشبہ باقی رہتا ہے تو ہمیشہ فروخت کرنے سے انکار کردیں۔

# چاقو اور اس طرح کے جارحانہ ہتھیار

## اضافی معلومات

درج ذیل بلیڈوں اور نوک دار چیزوں کو فروخت کرنا پہلے ہی سے ممنوع قرار دیا گیا ہے *(خریدار کی عمر چاہے جو بھی ہو)*:-

- جھٹکے سے کھلنے والے چاقو، کشش ثقل سے کھلنے والے چاقو، بیلٹ کے بکل میں لگے چاقو
- گپتی جس میں کوئی بلیڈ لگا ہو
- بٹن دبا کر کھولنے والی چھری، بٹرفلائی چاقو
- کیوٹیٹ سو شوگے *(کسی رسی، تار یا چین سے باندھا ہوا ہک والا چاقو)*
- ہاتھ اور پاؤں کے پنجے، نوکیلی میخ، ہاتھ میں چھپائی جانے والی تلوار یا ڈیتھ اسٹار
- کسی زنجیر کے سرے پر بندھا ہنسیا *(کسی رسی، تار، یا زنجیر کے سرے سے بندھا ہنسیا)*

18

# نشہ آور مادے

## نوعمر لوگوں کو نشہ آور مادوں کی فروخت کے بارے میں قانون کیا کہتا ہے؟

- کسی ایسے شخص کو نشہ آور مادہ فراہم کرنا یا فراہم کرنے کی پیش کش کرنا قانون کی خلاف ورزی ہے جس کے بارے میں ان کو معلوم ہو یا یہ یقین کرنے کے لئے ان کے پاس معقول وجہ ہو کہ وہ شخص 18 سال سے کم عمر کا ہے۔ اگر وہ جانتے ہیں، یا یہ یقین کرنے کے لئے ان کے پاس معقول وجہ ہو کہ اس مادے کو 18 سال سے کم عمرے کے شخص کے ذریعہ نشہ کے مقصد سے لئے جانے کا امکان ہے۔
- اس طرح کی مصنوعات کو کسی ایسے شخص کو فراہم کرنا یا فراہم کرنے کی پیش کش کرنا قانون کی خلاف ورزی ہے جو 18 سال سے کم عمر کے کسی شخص کی جانب سے کام کرتا ہو، جہاں تاجر کو معلوم ہے یا یہ یقین کرنے کے لئے اس کے پاس معقول وجہ ہو کہ خریدار اس حیثیت سے کام کرتا ہے۔

## مجھے کس قسم کی مصنوعات سے باخبر رہنا چاہئے؟

کوئی بھی چیز جسے نشہ لانے کے لئے اندر لیا جائے، ان کی سب سے زیادہ عام مثالیں درج ذیل ہیں:-

- گوند *(جس میں چپکانے والا لیس دار مادہ ہوتا ہے)*
- ایروسول *(مثلاً پینٹس، ایئر فریشنر، دافع بدبو، بالوں کا اسپرے، دافع درد کا اسپرے)*
- گھریلو صفائی کے لئے سیال مادے
- ڈرائی کلیننگ کے سیال مادے
- تصحیح کے لئے دفتر میں استعمال ہونے والے سیال مادے اور تھینرس
- پینٹ اسٹرائپر
- پینٹ تھینرس
- ناخن کی پالش دور کرنے والا
- دافع انجماد

سگریٹ اور لائٹر ری فلز سے متعلق صلاح کے لئے الگ سے دیئے گئے پرچہ کو بھی ملاحظہ کریں۔

## کیا مجھے گاہکوں کے لئے اطلاع نامہ کی نمائش کرنی چاہئے؟

انتباہی اطلاع نامہ کی نمائش کے لئے کوئی قانونی مطالبہ نہیں ہے، تاہم، غیر قانونی فروخت سے بچنے کے لئے اپنے نظام کے حصے کے طور پر آپ ان کی واضح طور پر نمائش کرنے پر غور کرسکتے ہیں۔ الفاظ کی ایک موزوں شکل یہ ہوسکتی ہے:

| |
|---|
| **18 سال سے کم عمر کے کسی شخص کو نشہ آور چیزیں فروخت کرنا** |

## قانون شکنی کی سزائیں کیا ہیں؟

اگر کوئی غیرقانونی فروخت کی جاتی ہے تو آپ پر مقدمہ چلایا جا سکتا ہے یا اس کا نتیجہ 5000 پاؤنڈ تک کے جرمانے یا 6 مہینے تک کے لئے جیل کی سزا یا دونوں کی صورت میں ظاہر ہو سکتا ہے۔

## فی الحال مجھے کیا کرنا چاہئے؟

اس بات کو یقینی بنانے کے لئے آپ کو ایک نظام تیار کرنا چاہئے کہ آپ نے نوعمر لوگوں کو نشہ آور مادے فروخت کرنے سے خود کو یا اپنے عملے کے کسی رکن کو روکنے کے لئے تمام موزوں اقدامات کئے ہیں۔ اس کام کو بہترین طریقہ سے انجام دینے سے متعلق عملی رہنمائی کے لئے آپ کو فی الحال اس پیک کے 'نابالغوں کو ممنوعہ فروخت کی روک تھام' والے حصہ کا مطالعہ کرنا چاہئے۔

اگر آپ کسی شخص کی عمر کے بارے میں غیر یقینی کیفیت سے دوچار ہیں تو آپ عمر کا ثبو ت مانگیں۔ اگر آپ کو اس کے بعد بھی کوئی شک وشبہ باقی رہتا ہے تو ہمیشہ فروخت کرنے سے انکار کردی

18

# سگریٹ لائٹر ریفلز

## نوعمر لوگوں کو بیوٹین گیس کے لائٹر ری فلز فروخت کرنے کے بارے میں قانون کیا کہتا ہے؟

18سال سے کم عمر کے کسی شخص کو بیوٹین گیس کے لائٹر ری فلز فروخت کرنا کسی بھی شخص کے لئے قانون کی خلاف ورزی ہے۔

## یہ معاملہ ایسا کیوں ہے؟

مادے کے غلط استعمال سے متعلق اعداد وشمار سے یہ ظاہر ہو چکا ہے کہ سگریٹ لائٹر ری فلز ،جس میں بیوٹین گیس ہوتی ہے، مصنوعات کے اس زمرے میں شامل ہیں جس سے زیادہ تر اموات کا تعلق ہے۔

## کیا مجھے گاہکوں کے لئے اطلاع ناموں کی نمائش کرنی چاہئے؟

انتباہی اطلاع نامہ کی نمائش کے لئے کوئی قانونی مطالبہ نہیں ہے، تاہم، غیر قانونی فروخت سے بچنے کے لئے اپنے نظام کے حصے کے طور پر آپ ان کی واضح طور پر نمائش کرنے پر غور کرسکتے ہیں۔ الفاظ کی ایک موزوں شکل یہ ہوسکتی ہے:

| |
|---|
| **18** سال سے کم عمر کے کسی شخص کو بیوٹین گیس لائٹر ریفلز فروخت کرنا |

## قانون شکنی کی سزائیں کیا ہیں؟

اگر کوئی غیرقانونی فروخت کی جاتی ہے تو آپ پر مقدمہ چلایا جا سکتا ہے یا اس کا نتیجہ 5000 پاؤنڈ تک کے جرمانے یا 6 مہینے تک کے لئے جیل کی سزا یا دونوں کی صورت میں ظاہر ہو سکتا ہے۔

## دیگر مصنوعات جن کا غلط استعمال کیا جاسکتا ہے ان کے بارے میں کیا ہے؟

آپ کو نشہ آور مادے کی فروخت پر فراہم کردہ علیحدہ صلاح نامہ کا مطالعہ کرنا چاہئے۔

## فی الحال مجھے کیا کرنا چاہئے؟

اس بات کو یقینی بنانے کے لئے آپ کو ایک نظام تیار کرنا چاہئے کہ آپ نے نوعمر لوگوں کو بیوٹین گیس سگریٹ لائٹر ریفلز فروخت کرنے سے خود کو یا اپنے عملے کے کسی رکن کو روکنے کے لئے تمام موزوں اقدامات کئے ہیں۔ اس کام کو بہترین طریقے سے انجام دینے سے متعلق عملی رہنمائی کے لئے آپ کو فی الحال اس پیک کے 'نابالغوں کو ممنوعہ فروخت کی روک تھام' والے حصہ کا مطالعہ کرنا چاہئے۔

اگر آپ کسی شخص کی عمر کے بارے میں غیر یقینی کیفیت سے دوچار ہیں تو آپ عمر کا ثبو ت مانگیں۔ اگر آپ کو اس کے بعد بھی کوئی شک وشبہ باقی رہتا ہے تو ہمیشہ فروخت کرنے سے انکار کردیں۔

# اسپرے پینٹس

## نوعمر لوگوں کو اسپرے پینٹس فروخت کرنے کے بارے میں قانون کیا کہتا ہے؟

16سال سے کم عمر کے کسی شخص کو ایروسول اسپرے پینٹس فروخت کرنا قانون کی خلاف ورزی ہے۔

## یہ معاملہ ایسا کیوں ہے؟

ایروسول پینٹ کا عام طور پر دیواروں پر ناشائستہ اور رفحش تصویر یا تحریر کے لئے استعمال کیا جاتا ہے۔ یہ توقع کی جاتی ہے کہ 16 سال سے کم عمر کے لوگوں کو اسپرے پینٹ کی فروخت پر پابندی لگانے سے ایسے واقعات میں کمی آئے گی۔

## کیا مجھے گاہکوں کے لئےاطلاع ناموں کی نمائش کرنی چاہئے؟

انتباہی اطلاع نامہ کی نمائش کے لئے کوئی قانونی مطالبہ نہیں ہے، تاہم، غیر قانونی فروخت سے بچنے کے لئے اپنے نظام کے حصے کے طور پر آپ ان کی واضح طور پر نمائش کرنے پر غور کرسکتے ہیں۔ الفاظ کی ایک موزوں شکل یہ ہوسکتی ہے:-

**16 سال سے کم عمر کے کسی شخص کو ایروسول اسپرے پینٹس فروخت کرنا غیرقانونی ہے**

## قانون شکنی کی سزائیں کیا ہیں؟

ان تقاضوں کی پیروی کرنے میں ناکامی کے نتیجہ میں آپ پر مقدمے اور 25,00 پاؤنڈ تک کے جرمانے ہو سکتا ہے۔
کاروبار کا مالک اور حقیقی فروخت کنندہ دونوں ذمہ دار ہو سکتے ہیں۔

## فی الحال مجھے کیا کرنا چاہئے؟

اس بات کو یقینی بنانے کے لئے آپ کو ایک نظام تیار کرنا چاہئے کہ آپ نے نوعمر لوگوں کو ایروسول اسپرے پینٹس فروخت کرنے سے خود کو یا اپنے عملے کے کسی رکن کو روکنے کے لئے تمام موزوں اقدامات کئے ہیں۔
اس کام کو بہترین طریقے سے انجام دینے سے متعلق عملی رہنمائی کے لئے آپ کو فی الحال اس پیک کے 'نابالغوں کو ممنوعہ فروخت کی روک تھام' والے حصہ کا مطالعہ کرنا چاہئے۔

اگر آپ کسی شخص کی عمر کے بارے میں غیر یقینی کیفیت سے دوچار ہیں تو آپ عمر کا ثبو ت مانگیں۔ اگر آپ کو اس کے بعد بھی کوئی شک وشبہ باقی رہتا ہے تو ہمیشہ فروخت کرنے سے انکار کردیں۔

# ویڈیوز، ڈی وی ڈیز اور کمپیوٹر گیمز

## نوعمر لوگوں کو ویڈیوز، ڈی وی ڈیز اور کمپیوٹر گیمز فروخت کرنے کے بارے میں قانون کیا کہتا ہے؟

'12'، '15' یا '18' سال کی عمر کی درجہ بندی میں زمرہ بند کسی مصنوعات کو کسی ایسے شخص کو فروخت کرنا یا کرائے پر دینا قانون کی خلاف ورزی ہے جو 12، 15 یا 18 کی موزوں عمر کو نہ پہنچا ہو۔

'18 سال تک کے لوگوں کے لئے ممنوع' کے زمرہ میں آنے والی مصنوعات کو کسی لائسنس یافتہ سیکس شاپ کے ذریعہ صرف 18 سال سے زیادہ عمر کے کسی شخص کو ہی فروخت کیا جا سکتا ہے۔

## دوسری درجہ بندیوں کے بارے میں کیا ہدایات ہیں؟

- 'Uc'، 'U' یا 'PG' کے لیبل لگے مصنوعات کو کسی کوبھی فروخت کیا جا سکتا ہے۔
- وہ چیزیں جو درجہ بندی سے مشتثنی ہیں *(ان پر 'E' کا نشان لگا ہو سکتا ہے)* اور انہیں درج ذیل بنیادوں پر کسی کو فروخت کیا جا سکتا ہے:
  - اطلاع دینے، تعلیم یا تربیت کے لئے تیار کیا گیا ہو،
  - کھیل کود، مذہب یا موسیقی سے متعلق ہو،
  - ویڈیو گیم

## قانون شکنی کی سزائیں کیا ہیں؟

اگر کوئی غیرقانونی فروخت کی جاتی ہے تو آپ پر مقدمہ چلایا جا سکتا ہے اور اس کا نتیجہ 5000 پاؤنڈ تک کے جرمانے یا 6 مہینے تک کے لئے جیل کی سزا یا دونوں کی صورت میں ظاہر ہو سکتا ہے۔

## فی الحال مجھے کیا کرنا چاہئے؟

اس بات کو یقینی بنانے کے لئے آپ کو ایک نظام تیار کرنا چاہئے کہ آپ نے نوعمر لوگوں کو ویڈیوز، ڈی وی ڈی اور کمپیوٹر گیم فروخت کرنے سے خود کو یا اپنے عملے کے کسی رکن کو روکنے کے لئے تمام موزوں اقدامات کئے ہیں۔ اس کام کو بہترین طریقے سے انجام دینےسے متعلق عملی رہنمائی کے لئے آپ کو فی الحال اس پیک کے 'نابالغوں کو ممنوعہ فروخت کی روک تھام' والے حصہ کا مطالعہ کرنا چاہئے۔

اگر آپ کسی شخص کی عمر کے بارے میں غیر یقینی کیفیت سے دوچار ہیں تو آپ عمر کا ثبو ت مانگیں۔ اگر آپ کو اس کے بعد بھی کوئی شک وشبہ باقی رہتا ہے تو ہمیشہ فروخت کرنے سے انکار کردیں۔

# قومی لاٹری کے ٹکٹ

نوعمر لوگوں کو قومی لاٹری کے ٹکٹ فروخت کرنے کے بارے میں قانون کیا کہتا ہے؟

- 16سال سے کم عمر کے کسی شخص کو قومی لاٹری کے ٹکٹ فروخت کرنا کسی بھی شخص کے لئے قانون کی خلاف ورزی ہے۔
- 16سال سے کم عمر کے کسی شخص کے لئے قومی لاٹری کے ٹکٹ فروخت کرنا قانون کی خلاف ورزی ہے۔

اس میں فوری اسکریچ کارڈ نیز مختلف قسم کے ہفتہ اور وسط ہفتہ کے قومی لاٹری ڈراز شامل ہیں۔

کیا مجھے گاہکوں کے لئےاطلاع ناموں کی نمائش کرنی چاہئے؟

انتباہی اطلاع نامہ کی نمائش کے لئے کوئی قانونی مطالبہ نہیں ہے، تاہم، غیر قانونی فروخت سے بچنے کے لئے اپنے نظام کے حصے کے طور پر آپ ان کی واضح طور پر نمائش کرنے پر غور کرسکتے ہیں۔ الفاظ کی ایک موزوں شکل یہ ہوسکتی ہے:-

**16 سال سے کم عمر کے کسی شخص کو قومی لاٹری کے ٹکٹ فروخت کرنا غیرقانونی ہے**

قانون شکنی کی سزائیں کیا ہیں؟

مقدمے کی صورت میں زیادہ سے زیادہ جرمانہ 5000 پاؤنڈ ہے۔ آپ کے احاطے سے لاٹری کے ٹرمنل کو ہٹایا بھی جا سکتا ہے۔

فی الحال مجھے کیا کرنا چاہئے؟

اس بات کو یقینی بنانے کے لئے آپ کو ایک نظام تیار کرنا چاہئے کہ آپ نے نوعمر لوگوں کو قومی لاٹری کے ٹکٹوں کی فروخت کرنے سے خود کو یا اپنے عملے کے کسی رکن کو روکنے کے لئے تمام موزوں اقدامات کئے ہیں۔اس کام کو بہترین طریقے سے انجام دینے پر عملی رہنمائی کے لئے آپ کو فی الحال اس پیک کے 'نابالغوں کو ممنوعہ فروخت کی روک تھام' والے حصہ کا مطالعہ کرنا چاہئے۔

اگر آپ کسی شخص کی عمر کے بارے میں غیر یقینی کیفیت سے دوچار ہیں تو آپ عمر کا ثبو ت مانگیں۔ اگر آپ کو اس کے بعد بھی کوئی شک وشبہ باقی رہتا ہے تو ہمیشہ فروخت کرنے سے انکار کردیں۔

# نابالغوں کے لئے دیگر ممنوعہ مصنوعات

## پیٹرولیم

### نوعمر لوگوں کو پیٹرول کی فراہمی کے بارے میں قانون کیا کہتا ہے؟

پیٹرول بہت زیادہ آتش پذیر مادہ ہوتا ہے اور لہذا اس کے امکانی طور پر خطرناک ایندھن ہونے کی وجہ سے اسے 16 سال سےکم عمر کے کسی شخص کو کبھی بھی فروخت نہیں کیا جانا چاہئے۔اسی طرح، 16 سال سے کم عمر کے کسی شخص کو پمپ سے پیٹرول دینے کی اجازت نہیں ہونی چاہئے۔

### فی الحال مجھے کیا کرنا چاہئے؟

اس بات کو یقینی بنانے کے لئے آپ کو ایک نظام تیار کرنا چاہئے کہ آپ نے نوعمر لوگوں کو پیٹرول فروخت کرنے سے خود کو یا اپنے عملے کے کسی رکن کو روکنے کے لئے تمام موزوں اقدامات کئے ہیں۔ پیٹرول پمپ کے استعمال کا حق دینے سے پہلے، پیٹرول پمپ اسٹیشن کے عملہ کو یہ ضرور یقینی بنانا چاہئے کہ گاہک 16 سال سے زیادہ عمر کا ہے اور ایندھن کو کسی گاڑی کے ایندھن کی ٹنکی میں رکھا جائے گا یا اسے کسی منظور شدہ دوسرے ڈبے میں رکھا جائے گا۔

مزید عملی رہنمائی کے لئے آپ کو فی الحال اس پیک کے 'نابالغوں کو ممنوعہ فروخت کی روک تھام' والے حصہ کا مطالعہ کرنا چاہئے۔

پیٹرول ذخیرہ کرنے کے کسی پہلو پر اگر آپ کو صلاح کی ضرورت ہے تو آپ کو اپنے مقامی پیٹرولیم آفیسر سے رابطہ کرنا چاہئے ۔

## نشہ آور (لیکور) چاکلیٹ

### نوعمر لوگوں کو نشہ آور چاکلیٹ فروخت کرنے کے بارے میں قانون کیا کہتا ہے؟

16 سال سے کم عمر کے کسی شخص کو نشہ آور میٹھی شراب سے بنی مٹھائی فروخت کرنا قانون کی خلاف ورزی ہے۔

### قانون شکنی کی سزائیں کیا ہیں؟

مقدمے کے بعد زیادہ سے زیادہ 500 پاؤنڈ جرمانہ ہے۔

### فی الحال مجھے کیا کرنا چاہئے؟

اس بات کو یقینی بنانے کے لئے آپ کو ایک نظام تیار کرنا چاہئے کہ آپ نے نوعمر لوگوں کو نشہ آور (لیکور) چاکلیٹس اور اسی طرح کی چیزیں فروخت کرنے سے خود کو یا اپنے عملے کے کسی رکن کو روکنے کے لئے تمام موزوں اقدامات کئے ہیں۔ اس کام کو بہترین طریقے سے انجام دینے سے متعلق عملی رہنمائی کے لئے آپ کو فی الحال اس پیک کے 'نابالغوں کو ممنوعہ فروخت کی روک تھام' والے حصہ کا مطالعہ کرنا چاہئے۔

اگر آپ کسی شخص کی عمر کے بارے میں غیر یقینی کیفیت سے دوچار ہیں تو آپ عمر کا ثبو ت مانگیں۔ اگر آپ کو اس کے بعد بھی کوئی شک وشبہ باقی رہتا ہے تو ہمیشہ فروخت کرنے سے انکار کردیں۔

12 15 16 18

# نابالغوں کو فروخت کی روک تھام

## میں کسی خریدار کی عمر کے بارے میں پریقین کیسے ہو سکتا/سکتی ہوں؟

کسی شخص کی عمر کی تشخیص اس کی شکل وصورت سے کرنا بہت دشوار ہو سکتا ہے۔ یہی وجہ ہے کہ جہاں خریدار کی عمر کے بارے میں کوئی شک وشبہ ہو تو ایسے معاملے میں آپ کو ہمیشہ ہی اس کی عمر کا ثبوت مانگنا چاہئے۔ ثبوت کی قابل قبول شکلیں پاسپورٹ، یا تصویر والے نئے ڈرائیونگ لائسنس ہوں گے۔ برتھ سرٹیفیکٹ اور نیشنل انشورنس کارڈ جیسی دستاویزات پر بھروسہ نہیں کرنا چاہئے، کیونکہ ان پر اس کے حامل شخص کی تصویر نہیں ہوتی ہے۔

عمر کے ثبوت کی کئی اسکیمیں موجود ہیں جس کے ذریعہ نو عمر اشخاص ایک کارڈ حاصل کر سکتے ہیں جس میں ان کی تصویریں اور تاریخیں ہوتی ہیں جب وہ 16 اور 18 سال کے ہوئے۔ ایسے کارڈ تاجروں کی بڑی مدد کر سکتے ہیں۔ تاہم، آپ کو انہیں بغور پڑھنا چاہئے، اور اس بات کو یقینی بنانا چاہئے کہ اس پر لگی تصویر واقعی اس کے حامل شخص کی ہے، اور یہ کہ زیر بحث مصنوعات کو خریدنے کے لئے خریدار کم از کم مطلوبہ عمر کا ہے۔ اگر خریدار کی عمر کے بارے میں کوئی شک وشبہ رہتا ہے تو فروخت سے ضرور انکار کر دینا چاہئے۔ کار فیلی کاؤنٹی برو میں سیکنڈری ایجوکیشن کے 16-18 سال کے تمام لوگوں کو عمر کے ثبوت کا ایک 'معتبر' کارڈ مفت دینے کی پیش کش کی گئی ہے۔

## اگر میں ان کو فروخت کرنے سے انکار کروں تو کیا گاہک ناراض نہیں ہو جائیں گے؟

ہمیشہ یاد رکھیں کہ اگر آپ نہیں چاہتے ہیں تو آپ کسی شخص کو کوئی چیز فروخت کرنے کے پابند نہیں ہیں۔ اگر خریدار کی عمر کے بارے میں کوئی شک وشبہ ہے تو فروخت کرنے سے نرمی سے انکار کر دیں، اور اس پیک میں شامل انکار سلپ میں سے ایک اس نوعمر شخص کو دے دیں۔

## میں اپنی تجارت میں شامل افراد کو قانون شکنی سے روکنے کے لئے کیا کر سکتا/سکتی ہوں؟

عام طور پر قانون خردہ فروش کا دفاع کرتا ہے اگر وہ یہ دکھا سکے کہ اس نے قانون کی خلاف ورزی کو روکنے کے لئے تمام مناسب تدابیر اور نگہداشت کے ضروری طریقۂ کار اختیار کئے ہیں۔

'مناسب تدابیر' کا مطلب ہے موزوں نظام تیار کرنا اور 'نگہداشت کے ضروری طریقۂ کار' کا مطلب یہ یقینی بنانا ہے کہ وہ نظام مؤثر طریقے سے کام کر رہا ہے۔ یاد رکھیں کہ دفاع صرف اس صورت میں دستیاب ہوتا ہے بشرطیکہ آپ نے تمام مناسب تدابیر اور نگہداشت کے تمام ضروری طریقۂ کار اختیار کئے ہوں، تاہم معقولیت کی حد تجارت کی وسعت اور اس کی نوعیت پر منحصر ہوگی۔ نکڑ کی چھوٹی دکان کے مقابلے ایک بڑے اور کئی شاخوں والی دکان کے خردہ فروش سے یہ توقع کی جائے گی کہ وہ ایک سے زیادہ ترقی یافتہ نظام پر عمل کرے۔

## مجھ سے کیا توقع کی جاتی ہے؟

نابالغوں کو فروخت کی روک تھام کرنےکے لئے کسی نظام کے ضروری عناصر درج ذیل ہیں:-

- عملہ کی تربیت
- انتباہی اطلاع نامے
- انتباہی اطلاع ناموں کی کیش بکس کے پاس نمائش
- جتنی بار فروخت سے انکار کیا گیا ہو اس کا ریکارڈ – 'انکاروں کا رجسٹر'
- تجارتی انتظامیہ/مالک کے ذریعہ نگرانی اور کنٹرول

جیسا کہ اوپر ابتدائی خاکہ پیش کیا گیا ہے، اس مقصد کا حصول تجارت کی وسعت اور اس کی نوعیت پر منحصر ہوگا۔ بنیادی رہنما اصول کے طور پر، درج ذیل معیارات کی مناسب طور پر توقع کی جا سکتی ہے۔ تاہم، یاد رکھیں کہ تمام حالات کو سامنے رکھ کر آخرکار عدالت ہی فیصلہ کر سکتی ہے کہ کیا مناسب ہے۔

## چھوٹے آزاد خردہ فروش

نابالغوں کو فروختگی کے خلاف تحفظ کے لئے کئی آسان تدبیریں موجود ہیں جنہیں چھوٹے سے چھوٹا تاجر بھی اختیار کر سکتا ہے، مثلاً آپ کو درج ذیل باتوں پر عمل کرنا چاہئے:-

1. یہ یقینی بنائیں کہ عملہ (اور اسٹور میں کام کرنے والا کوئی بھی شخص) درج ذیل باتوں کو سمجھتا ہے:-
   - جو مصنوعات آپ فروخت کرتے ہیں اس سے متعلق عمر کی مختلف حدیں
   - یہ کہ انہیں مصروفیت کے اوقات میں بھی ممکنہ خریداروں پر قریب سے نظر رکھنی چاہئے
   - یہ کہ اگر ان کو کسی شخص کی عمر کے بارے میں شک وشبہ ہو تو انہیں اس کی عمر کا ثبوت مانگنا چاہئے
   - مقامی طور پر چلنے والی عمر کے ثبوت کی اسکیم اور دیگر قسم کے ثبوت جو قابل قبول ہوں (اوپر دیکھئے 'میں کسی خریدار کی عمر کے بارے میں پُر یقین کیسے ہو سکتا/سکتی ہوں؟')
   - کہ اب بھی شک وشبہ باقی رہتا ہے تو فروخت سے انکار کر دینا چاہئے
   - کسی انکار کی صورت میں کیا کروں (دیکھئے 4 نیچے)

   مثالی طور پر ، آپ کو عملے کو دی گئی تربیت کا ریکارڈ رکھنا چاہئے، اور یہ یقینی بنانا چاہئے کہ نئے ملازمین بھی ضروری تربیت حاصل کریں۔ عملے کی تربیت کے دوران فروخت کے لئے رکھی گئی نابالغوں کے لئے ممنوعہ اشیاء سے متعلق کسی اضافے سے انہیں آگاہ کیا جانا چاہئے۔

2. عمارتوں میں انتباہی اطلاع ناموں کا بہتر استعمال کریں۔ گرچہ انتباہی اطلاع نامے نابالغوں کو صرف تمباکو کی فروختگیوں کے معاملے میں قانون کو مطلوب ہوتے ہیں، اس پیک میں سجھائے گئے خطوط پر آپ مختلف مصنوعات کے لئے دیگر اطلاع ناموں کی نمائش کر سکتے ہیں۔ ایسے اطلاع نامے عملے کی یادداشت کو مہمیز کرنے والے ہونے چاہئیں نیز نابالغ خریدار کے لئے سدّراہ کے طور پر کام کریں۔

3. فروخت کی جگہ پر عملے کے لئے ہر وقت رہنمائی کا استعمال کریں۔ اس پیک میں شامل کمترین عمر کے اطلاع ناموں کو کیش بکس سے جوڑا جا سکتا ہے یا اس کے قریب اس کی نمائش کی جاسکتی ہے جو کسی فروخت سے پہلے آخری تاکید کے طور پر کام کرے۔

4. ان موقعوں کا ریکارڈ رکھیں جب جب فروخت سے انکار کیا گیا ہو۔ آسانی کے لئے آپ اس پیک میں شامل 'انکاروں کے ریکارڈ' سے متعلق پرچہ کا استعمال کر سکتے ہیں۔ منیجر اور تجارت کے مالک کو اس بات کی جانچ کرنی چاہئے کہ ریکارڈوں کی تجدید کی جارہی ہے۔

5. منیجر یا تجارت کے مالک کو باقاعدگی کے ساتھ جانچ کرنی چاہئے کہ نابالغوں کو فروختگی کی روک تھام کرنے کے لئے جو نظام نافذ کیا گیا ہے عملے کے ذریعہ اس کی پیروی کی جارہی ہے اور وہ کام کر رہا ہے۔

## درمیانہ درجے کے خردہ فروش

چھوٹے خردہ فروشوں کے مقابلے بڑے پیمانے کی تجارت سے یہ توقع کرنا قرین قیاس ہے کہ وہ ایک سے زیادہ ترقی یافتہ نظام لاگو کرے۔

1. عملے کی تربیت باضابطہ اور تحریری طور پر ہونی چاہئے، ذیل میں پھر سے اس کا احاطہ کیا جا رہا ہے:
   - فروخت کے لئے رکھی گئی مصنوعات سے متعلق عمر کی مختلف حدیں اور دیگر قانونی تقاضے
   - مقامی طور پر چلنے والی عمر کے ثبوت کی اسکیم اور دیگر قسم کے ثبوت جو قابل قبول ہوں (اوپر دیکھئے 'میں کسی خریدار کی عمر کے بارے میں پُر یقین کیسے ہو سکتا/سکتی ہوں؟')
   - انکار کی صورت میں کیا کروں

2. اگر دکان میں کیش بکس پر EPOS نظام لگا ہوا ہے تو یہ ممکن ہے کہ وہاں نمائش کردہ اطلاع نامے الیکٹرونک ہوں، جب نابالغوں کے لئے ممنوعہ مصنوعات کو اسکین کیا جائے گا تو ہر مرتبہ خریدار کی عمر سے متعلق سوال کرنے والا ایک پیغام ظاہر ہوگا۔

3. چونکہ نابالغوں کو تمباکو کی فروخت کے سلسلے میں انتباہی اطلاع ناموں کی نمائش قانونی طور پر مطلوب ہے لیکن اگر آپ چاہیں تو اس رہنما پیک میں سجھائے گئے خطوط پر مختلف مصنوعات کے لئے دیگر اطلاع نامے تیار کر سکتے ہیں۔ ایسے اطلاع نامے عملے کی یادداشت کو مہمیز کرنے والے ہونے چاہئیں نیز نابالغ خریداروں کے لئے سدّراہ کے طور پر کام کریں۔

4. ان موقعوں کا ریکارڈ رکھیں جب جب فروخت سے انکار کیا گیا ہو۔ آسانی کے لئے آپ اس پیک میں شامل 'انکار وں کے ریکارڈ' سے متعلق پرچہ کا استعمال کر سکتے ہیں۔ ہر ایک فروختگی سے انکار کی تفصیل اسٹور انتظامیہ کو دی جانی چاہئے۔

5. نابالغوں کو فروخت کی روک تھام کے لئے جو نظام رائج ہے اس کی افادیت پر اسٹور منیجر/ایریا منیجر کو نگرانی رکھنی چاہئے۔ اگر CCTV لگے ہوں تو یہ مفید تدبیر ہو سکتی ہے مثلاً عملے کے فیصلے کی نگرانی کرنا، اور یہ جانچ کرنا آیا انکار رجسٹر مکمل ہے یا نہیں۔

## کئی شاخوں والی بڑی دکان کے خردہ فروش

حالانکہ اس نظام کے اجزا مذکورہ بالا ابتدائی خاکے جیسے ہی ہوں گے لیکن عموماً بڑے دکانداروں کے پاس کسی قدر وسیع تحفظ اور نظام کار فرماں ہوں گے۔

1. باہمی رابطے کی پالیسی کی صاف صاف وضاحت ہونی چاہئے یعنی عملے کے رکن کا سپروائزر/ڈپارٹمنٹل منیجر/اسٹور منیجر/ایریا منیجر/تجارتی معیارات کے منیجر وغیرہ کے ساتھ۔ کمپنی کو یہ ثابت کرنے کے لائق ہونا چاہئے کہ کاروباری ادارے میں نمایاں کردہ مسئلے کے موضوعات کی تفتیش کی گئی ہے اور اس پر مناسب کارروائی کی گئی ہے۔
2. عملے کی تربیت باضابطہ اور تحریری ہونی چاہئے ممکن ہے نابالغوں کو فروخت کے معاملے میں اہلیت کی باقاعدہ نگرانی کے ساتھ اس کی شکل ایک حد تک تحریری تشخیص کی ہو۔
3. اس قسم کے خردہ فروش کے یہاں ہمیشہ ہی ہر اسٹور میں EPOS نظام ہوگا تاکہ کیش بکس کے سامنے نابالغوں کے لئے ممنوع مصنوعات کو جب بھی اسکین کیا جائے تو الیکٹرونک طریقے سے اطلاع ناموں کی نمائش ہو سکے۔
4. اسی طرح اسٹور میں عموماً CCTV نظام لگا ہوگا جسے نگرانی اور تربیت کے مقصد سے انتظامیہ کے ذریعہ مؤثر طریقے سے استعمال کیا جا سکتا ہے۔
5. انکار رجسٹر میں اندراج جاری رہنا چاہئے اور متعلقہ موزوں منیجر کو اس پر دستخط کرتے رہنا چاہئے۔
6. لاگو نظاموں کا باقاعدگی کے ساتھ جائزہ لیا جانا چاہئے تاکہ پورے کاروباری ادارے میں اس کی اثر انگیزی کو یقینی بنایا جا سکے۔

# نابالغوں کے لئے ممنوع مصنوعات کی فروختگی سے انکار کا روزنامچہ – ثبوت نہیں – فروخت نہیں

| تاریخ | وقت | نوعمر شخص کی تفصیل | عمر کا درخواست کردہ ثبوت ہاں/نہیں | مصنوعات | عملہ کا دستخط | منیجر کا دستخط | تبصرہ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| | | | | | | | |
| | | | | | | | |
| | | | | | | | |
| | | | | | | | |
| | | | | | | | |
| | | | | | | | |
| | | | | | | | |
| | | | | | | | |
| | | | | | | | |
| | | | | | | | |
| | | | | | | | |
| | | | | | | | |
| | | | | | | | |
| | | | | | | | |
| | | | | | | | |
| | | | | | | | |
| | | | | | | | |
| | | | | | | | |

# ملازموں کی تربیت کا روزنامچہ - 'ثبوت نہیں –

| پانے والے کےدستخط | تاریخ | نابالغوں کو فروخت سے متعلق تربیت/معلوماتی پیک درج ذیل کو دیا گیا: | تجارت کا نام اور پتہ |
|---|---|---|---|
| میں نے نابالغوں کو فروخت کے موضوع پر تربیت حاصل کی ہے اور اسے سمجھ چکا/چکی ہوں | | | |
| میں نے نابالغوں کو فروخت کے موضوع پر تربیت حاصل کی ہے اور اسے سمجھ چکا/چکی ہوں | | | |
| میں نے نابالغوں کو فروخت کے موضوع پر تربیت حاصل کی ہے اور اسے سمجھ چکا/چکی ہوں | | | |
| میں نے نابالغوں کو فروخت کے موضوع پر تربیت حاصل کی ہے اور اسے سمجھ چکا/چکی ہوں | | | |
| میں نے نابالغوں کو فروخت کے موضوع پر تربیت حاصل کی ہے اور اسے سمجھ چکا/چکی ہوں | | | |
| میں نے نابالغوں کو فروخت کے موضوع پر تربیت حاصل کی ہے اور اسے سمجھ چکا/چکی ہوں | | | |
| میں نے نابالغوں کو فروخت کے موضوع پر تربیت حاصل کی ہے اور اسے سمجھ چکا/چکی ہوں | | | |
| میں نے نابالغوں کو فروخت کے موضوع پر تربیت حاصل کی ہے اور اسے سمجھ چکا/چکی ہوں | | | روزنامچہ مکمل کرنےوالے شخص کا نام اور خطاب |
| میں نے نابالغوں کو فروخت کے موضوع پر تربیت حاصل کی ہے اور اسے سمجھ چکا/چکی ہوں | | | |
| میں نے نابالغوں کو فروخت کے موضوع پر تربیت حاصل کی ہے اور اسے سمجھ چکا/چکی ہوں | | | |
| میں نے نابالغوں کو فروخت کے موضوع پر تربیت حاصل کی ہے اور اسے سمجھ چکا/چکی ہوں | | | |
| میں نے نابالغوں کو فروخت کے موضوع پر تربیت حاصل کی ہے اور اسے سمجھ چکا/چکی ہوں | | | |